# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، گیندیں، ٹوکری، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 90 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "تعینات" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔ چھے گیندیں لیں اور ان پر الفاظ "تعینات، آہنی عزم، بے پناہ، تابڑتوڑ، سپوت، مشاہدہ، مقیم، آگ اگلنا" کی چٹیں لگادیں۔

- یہ گیندیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری بچوں سے سامنے کریں اور انھیں کہیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے اپنی پسند کی کوئی گیند اٹھالیں۔ اب جماعت میں ایک طرف چھے بوتلیں ایک قطار میں توڑے تھوڑے فاصلے پر رکھ دیں، جن پر الفاظ "مامور، مضبوط ارادہ، بہت زیادہ، مسلسل، سعادت، منڈ، غور سے دیکھنا، قیام کرنا، آگ برسنا" کی چٹیں لگی ہوں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو گیند آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، اس کا معانی سوچیں۔ پھر کسی ایک گروہ کے بچے کو گیند سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ اس کے پاس جس لفظ پر مبنی گیند آئی ہے، بوتلوں میں دیکھے کہ کس بوتل پر اس لفظ کا معانی لکھا ہے، اس بوتل کو گیند سے گرائے۔ درست بوتل گرانے پر اس گروہ کو چار نمبر ملیں گے۔ جب کہ غلط بوتل گرانے اور غلط معانی بتانے پر اس گروہ کے دو نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے معانی کی درست نشان دہی کی ہو گی، وہ فاتح قرار پائے گا۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے پہلے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے چار سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) ایک ٹوکری میں جماعت کے کوئی سے چھے بچوں کے ناموں اور الفاظ "تعینات، آہنی عزم، بے پناہ، تابڑتوڑ، سپوت، مشاہدہ، مقیم، آگ اگلنا" کی پرچیاں اس طرح سے ڈال دیں کہ نام کے ساتھ لفظ لکھا ہو۔ پرچی اٹھائیں اور جس بچے کا نام آئے گا وہ اس پر لکھے ہوئے لفظ کا معانی اور اس سے متعلقہ ایک جملہ بتائے گا۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

۱۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| تَعَیُّنات | | سپُوت | |
| آہنی عزم | | مُشاہدہ | |
| بے پناہ | | مُقیم | |
| تابڑ توڑ | | آگ اُگلنا | |

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) میجر راجا عزیز بھٹی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

---

(ب) ۱۹۶۵ء کی جنگ میں میجر راجا عزیز بھٹی کہاں تعینات تھے؟

---

(ج) میجر راجا عزیز بھٹی نے دشمنوں کا مقابلہ کیسے کیا؟

---

(د) کمانڈر نے میجر راجا عزیز بھٹی سے کیا کہا؟

---

(ز) میجر راجا عزیز بھٹی نہر کے اونچے کنارے پر پہنچے تو ان کے ساتھیوں نے کیا کہا؟

---

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق بات کر سکیں۔
تذکیر و تانیث کے مطابق الفاظ کا جملوں میں استعمال کر سکیں۔
محاورات کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، گھنٹی، بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق "شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے" کی تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے ہوئے سوالات میں سے کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوباری شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق "شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔

| |
|---|
| • اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• سوال نمبر 7 کی سرگرمی کے لیے بچوں کو جملے پڑھنے کے لیے کہیں۔<br>• بورڈ پر یہ جملے لکھیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں ان الفاظ میں سے درست تذکیر و تانیث کی نشان دہی کریں۔<br>• چاک / مارکر سے دو گملے بنائیں۔ ان میں ایک ایک پھول بنائیں۔ ان پھولوں میں مذکر اور مؤنث لکھ دیں۔ اب متفرق بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں درست مذکر اور مؤنث کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیں ۔ درست مذکر اور مونث اسما کی نشان دہی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔<br>• اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں محاورات اور دوسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ محاورات والے کالم میں محاورات لکھ دیں۔ بچوں کو پہلے محاورے کا معانی بتائیں اور انھیں اس کو جملے میں استعمال کرنے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلا ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں ۔ اس طرح اس یہ سرگرمی باقی محاورات پر بھی کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 8 میں دیے گئے محاورات لکھ کر بچوں سے ان کا مفہوم پوچھیں اور ان کے جملے بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سوال نمبر 7 کتاب پر حل کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حکایاتِ شیخ سعدی شیرازیؒ (دہرائی) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو نئے الفاظ میں دیے گئے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اس سبق کے تین سوالوں کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید ہو جائے۔
- اسی طرح باقی سوالات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور انھیں ہدایت دیں کہ مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (5منٹ) مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ورک شیٹ بچوں کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

20منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صِلہ | | آداب بجالانا | |
| محشر | | تعجُّب | |
| کڑی نگرانی | | سِنِ بلُوغ | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

شیخ سعدی رَحمَۃُاللہِعَلَیہ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

حکیم کے پاس کوئی بھی علاج کروانے کیوں نہ آیا؟

نوجوان نے شیخ سعدی رَحمَۃُاللہِعَلَیہ کے تعجب پر کیا جواب دیا؟

آدمی نے خواب میں کیا دیکھا۔

محشر کے دن خوش بخت آدمی کو جنتی لباس کس نیکی کے بدلے میں ملا؟

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف) شیخ سعدی رَحمَۃُاللہِعَلَیہ کا اصل نام تھا:

(i) شرفُ الدِّین (ii) اشرفُ الدِّین (iii) عمادُ الدِّین (iv) نُور الدِّین

ب) شیخ سعدی رَحمَۃُاللہِعَلَیہ کے والِد کا نام تھا:

(i) شیخ فتح الدِّین شیرازی (ii) شیخ بلیغ الرحمٰن شیرازی (iii) شیخ عبداللہ شیرازی (iv) شیخ عبدالرحمٰن شیرازی

ج) ایک بادشاہ نے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ وَسَلَّم کی خِدمت میں بھیجا:

(i) حکیم (ii) باورچی (iii) خِدمت گار (iv) سپہ سالار

د) عرب کے لوگ تَن دُرُست رہنے کے لیے کھاتے تھے:

(i) زیادہ کھانا (ii) کم کھانا (iii) میٹھا کھانا (iv) نمکین کھانا

ہ) آدمی نے خواب میں محشر کا میدان گرم دیکھا:

(i) تانبے کی طرح گرم (ii) لوہے کی طرح گرم (iii) چاندی کی طرح گرم (iv) سونے کی طرح گرم

و) خُوش بخت آدمی کے گھر پر بیل تھی:

(i) انگور کی (ii) خربُوزے کی (iii) تربُوز کی (iv) توری کی

ز) ایک نوجوان نے رسّی سے پکڑا ہُوا تھا:

(i) گائے کو (ii) بھینس کو (iii) بکری کو (iv) بھیڑ کو

(د) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | شیخ سعدی رَحمۃُاللہِ عَلَیہ کا تعلّق ایک دِین دار گھرانے سے تھا۔ | |
| ب | شیخ سعدی رَحمۃُاللہِ عَلَیہ نے صِرف "گُلستان" کے نام سے کتاب لِکھی۔ | |
| ج | حکیم کُچھ دِن عرب میں رہا۔ | |
| د | عرب کے لوگ زیادہ بُھوک لگنے پر کھانا کھاتے تھے۔ | |
| ہ | نوجوان نے بکری کی رسّی نہ کھولی۔ | |
| و | بکری کے گلے میں احسان کا پھنّدا تھا۔ | |

(ز) دیے گئے الفاظ کے معانی لغت سے تلاش کر کے ان الفاظ کی مدد سے جملے بنا کر اپنی کاپی میں لکھیں۔

نِڈھال — صِلہ — اِخْتیار — عادات — واقِف — اَخلاق — مقرّر

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہم دردی، ایک پہاڑ اور گلہری (دہرائی) | |
| **مقاصد:** اسباق کی دہرائی کریں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کلڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو نئے الفاظ میں دیے گئے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اس سبق کے تین سوالوں کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید ہو جائے۔
- اسی طرح باقی سوالات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور انھیں ہدایت دیں کہ مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (5منٹ) مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ورک شیٹ بچوں کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

20منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بِساط | | آن بان | |
| غُرور | | حِکمَت | |
| اطمینان | | قابلِ تقلید | |
| بِلامُعاوضہ | | صلاحیّت | |

(ب) درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

ہم دردی کے کیا معنی ہیں؟

______________________________

اسد کیوں پریشان تھا؟

______________________________

اسد کیوں خوش تھا؟

______________________________

پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

______________________________

پہاڑ اور گلہری میں کون کون سی خوبیاں تھیں؟

______________________________

اس نظم سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

______________________________

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف ہم دردی مُرَکّب ہے:

i دولفظوں کا ii تین لفظوں کا iii چار لفظوں کا iv پانچ لفظوں کا

ب احمد کہانی سُنا رہا تھا:

i بوڑھے آدمی کو ii معذور لڑکے کو iii معذور لڑکی کو iv بوڑھی عورت کو

ج اِسکول میں وقفے کے دوران میں احمد بچّوں کو پڑھاتا تھا:

i اُردو ii انگریزی iii ریاضی iv ریاضی اور سائنس

د رات کے وقت دروازے پر دستک دی:

(i) اسد نے (ii) حامِد نے (iii) جواد نے (iv) عادل صاحب نے

ہ احمد نے اسد کو نوٹس دیے:

(i) اُردُو کے (ii) اِسلامیات کے (iii) سائنس کے (iv) ریاضی کے

و احمد نے جماعت میں پوزیشن حاصل کی:

(i) تیسری (ii) پہلی (iii) دُوسری (iv) چوتھی

(د) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| تُجھے ہو شرم تو پانی | خُدا کی قُدرَت ہے |
| خُدا کی شان ہے نا چیز | مُنْہ سنْبھال ذرا |
| قدم اُٹھانے کی طاقت | میں جا کے ڈُوب مَرے |
| ہر ایک چیز سے پیدا | نہیں ذرا تُجھ میں |
| کہا! یہ سُن کے گِلَہری نے | چِیز بَن بیٹھیں! |

(د) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

الف ہم دردی تین لفظوں کا مجموعہ ہے۔ ☐

ب احمد عادل صاحِب کے گھر جاتا تھا۔ ☐

ج احمد غریب بچّوں کو بِلامُعاوضہ ٹیوشن نہیں پڑھاتا تھا۔ ☐

د احمد نے اسد کی مدد نہ کی۔ ☐

ہ اسد کو اِسکول کے بہترین طالب علم کا اِنعام دِیا گیا۔ ☐

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: دیانت داری (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خُوش گوار | | اِعتراف | |
| قہقہے لگانا | | اِیثار | |
| نِگاہ | | توفیق | |
| چُمکارنا | | مُتاثِّر | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ ناصر کے روپے کیسے کھو گئے؟

---

۲۔ ناصر اُلٹے پاؤں کیوں لوٹ گیا؟

---

۳۔ ساجد نے ناصر کی مدد کیسے کی؟

---

۴۔ ناصر نے ساجد کے روپے کیوں واپس کر دیے؟

---

۵۔ دُکان دار نے ناصر اور ساجد کو کیا دُعا دی؟

---

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف) بچّے تیاریوں میں مصروف تھے:

(i) مدرسے جانے کی (ii) اِسکول جانے کی (iii) مسجِد جانے کی (iv) ٹیوشن جانے کی

ب) ناصر نے برتن دُکان کے چبوترے پر رکھا:

(i) دُودھ کی (ii) سبزی کی (iii) پھلوں کی (iv) کریانے کی

ج) ساجد نے دیکھا:

(i) اپنے بستے کو (ii) روتے ہُوئے بچّے کو (iii) اپنے جُوتے کو (iv) اپنے یُونیفارم کو

د) ساجد نے اپنے لیے خریدنی تھی:

(i) کتاب (ii) کاپی (iii) پنسل (iv) کھانے کے لیے چیز

ہ) ناصِر خرید کر گھر کی طرف چل پڑا:

(i) دہی (ii) دُودھ (iii) پھل (iv) سبزی

(د) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔

الف) بچّے قہقہے لگاتے اِسکول جا رہے تھے۔ ☐

ب) سبزی کی دُکان قریب ہی تھی۔ ☐


ج) ناصِر کی جیب خالی تھی۔ ☐

د) ساجد نے ناصر کو اپنے روپے دے دیے۔ ☐

ہ) ناصِر نے ساجد کو روپے واپس نہ کیے۔ ☐

(ز) پھولوں میں دی گئی بے ترتیب لفظی گنتی دے کر اُردو ہندسی گنتی کے سامنے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۱ | | ۷۶ | |
| ۷۲ | | ۷۷ | |
| ۷۳ | | ۷۸ | |
| ۷۴ | | ۷۹ | |
| ۷۵ | | ۸۰ | |



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| تعیُّنات | | سپُوت | |
| آہنی عزم | | مُشاہدہ | |
| بے پناہ | | مُقیم | |
| تابڑ توڑ | | آگ اُگلنا | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ میجر راجا عزیز بھٹی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

---

۲۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں میجر راجا عزیز بھٹی کہاں تعینات تھے؟

---

۳۔ میجر راجا عزیز بھٹی نے دشمنوں کا مقابلہ کیسے کیا؟

---

۴۔ کمانڈر نے میجر راجا عزیز بھٹی سے کیا کہا؟

---

۵۔ میجر راجا عزیز بھٹی نہر کے اُونچے کنارے پر پہنچے تو ان کے ساتھیوں نے کیا کہا؟

---

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف میجر راجا عزیز بھٹی فوج میں شامل ہُوئے:

i ۱۹۴۸ء میں    ii ۱۹۴۹ء میں    iii ۱۹۵۰ء میں    iv ۱۹۵۱ء میں

ب میجر راجا عزیز بھٹی اپنے ساتھیوں کے ساتھ موجود تھے:

i لاہور میں    ii سیالکوٹ میں    iii قُصور میں    iv نارووال میں

ج دُشمن نہر پار کر کے داخل ہونا چاہتے تھے:

i قصور میں    ii لاہور میں    iii گوجرانوالا میں    iv گجرات میں

د بی آر بی نہر کے کنارے پاکِستانی فوج کی موجود تھیں:

i دو پلاٹون    ii تین پلاٹون    iii چار پلاٹون    iv پانچ پلاٹون

ہ ۱۹۶۵ء میں فوجی اَفسَروں اور جوانوں میں اِعزازات تقسیم کیے گئے:

i ۲۶ ستمبر کو    ii ۲۷ ستمبر کو    iii ۲۸ ستمبر کو    iv ۲۹ ستمبر کو

و نشانِ حیدر پانے والے میجر راجا عزیز بھٹی پاکِستان کے سپُوت تھے:

i پہلے    ii دُوسرے    iii تیسرے    iv چوتھے

(ج) مناسب لفظ لگا کر جملے مکمل کریں۔

الف میجر راجا عزیز بھٹی کے والدین ضلع ________ میں رہائش پذیر ہوئے۔

ب ۶ ستمبر ________ کو دُشمن نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔

ج میجر راجا عزیز بھٹی لاہور کے قریب ________ سیکٹر پر فوجی دستوں کے ساتھ موجود تھے۔

د میجر راجا عزیز بھٹی اپنی جان کی پروا نہ کرتے ہوئے ________ کے اُونچے کنارے پر پہنچ گئے۔

ہ میجر راجا عزیز بھٹی ________ کا گولہ لگنے سے شہید ہو گئے۔

و میجر راجا عزیز بھٹی شہید کو ________ کا اِعزاز دیا گیا۔

(د) مثال کے مطابق لفظ کے آخری حرف سے نئے الفاظ بناتے ہوئے لفظوں کی زنجیر مکمل کریں۔

مثال:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| انگور | رِم جِھم | | | | |
| رات | | | | | |
| دریا | | | | | |

(ز) دیے گئے جملوں کو پڑھیں اور ان جملوں کے سامنے ان کی درست تذکیر و تانیث لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| تعلیم | میں اِسکول میں تعلیم حاصل کرتا ہوں۔ | |
| دماغ | کمپیوٹر میں سی، پی، یو ایک دماغ کی طرح کام کرتا ہے۔ | |
| فوجی | فوجی مُلکی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے۔ | |
| نشانِ حیدر | نشان حیدر پاکِستان کا سب سے بڑا فوجی اِعزاز ہے۔ | |
| سلامتی | ہمیں اپنے مُلک کی سلامتی کی دُعا کرنی چاہیے۔ | |
| حملہ | ۱۹۶۵ء میں بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکِستان پر حملہ کر دیا تھا۔ | |